# سوئے حرم

بھٹکے ہوئے آہو کو پھر سوئے حرم لے چل

www.KitaboSunnat.com



# حج و عمرہ

اَلدّاعی اِلی الخیر

الفتح ٹریولز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب...عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com



# تلبیہ

لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ، لَبَّیْکَ لاَ شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ، اَنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَۃَ لَکَ وَالْمُلْکَ لاَشَرِیْکَ لَکَ o

میں حاضر ہوں، اے میرے رب میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں، تیرا کوئی شریک نہیں میں حاضر ہوں۔ بے شک ساری تعریفیں اور نعمتیں تیرے ہی لئے ہیں اور بادشاہی بھی، تیرا کوئی شریک نہیں۔

# دعائیں

## طواف کی نیت

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اُرِیْدُ طَوَافَ بَیْتِکَ الْمُحَرَّمِ فَیَسِّرْہُ لِیْ وَتَقَبَّلْہُ مِنِّیْ سَبْعَۃَ اَشْوَاطٍ لِلّٰہِ تَعَالیٰ عَزَّوَجَلَّ o

"اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔ اے اللہ! میں تیرے مقدس گھر کا طواف کرنے کی نیت کرتا ہوں۔ پس تو میرے لئے ان سات چکروں کو آسان فرما دے جو محض تجھ یکتا عزوجل کی خوشنودی کے لئے کر رہا ہوں۔ اور اسے میری طرف سے قبول فرما۔

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# پہلے چکر کی دُعا

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اللّٰهُ اَكْبَرُ ط وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ o وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ o اَللّٰهُمَّ اِيْمَانًا بِكَ وَ تَصْدِيْقًا بِكَلِمَاتِكَ وَ وَفَآءً بِعَهْدِكَ وَاتِّبَاعًا لِّسُنَّةِ نَبِيِّكَ وَ حَبِيْبِكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ o اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ وَالْمُعَافَاةَ الدَّآئِمَةَ فِی الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ o وَالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ o

☆ ترجمہ: "اللہ تعالیٰ پاک ہے اور سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں اور اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے اور (گناہوں سے بچنے کی) طاقت اور (عبادت کی طرف راغب ہونے کی قوت اللہ کی طرف سے ہے جو بزرگی اور عظمت والا ہے اور اللہ تعالیٰ کی رحمت اور سلام اللہ کے رسول ﷺ پر۔ اے اللہ! تجھ پر ایمان لاتے ہوئے اور تیرے احکام کو مانتے ہوئے اور تجھ سے کئے ہوئے عہد کو پورا کرتے ہوئے اور تیرے حبیب حضرت محمد ﷺ کی سنت کی پیروی کرتے ہوئے (میں طواف شروع کرتا ہوں)۔

اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں گناہوں سے معافی کا اور ہر بلا سے سلامتی کا اور ہر تکلیف سے دائمی حفاظت کا، دین اور دنیا اور آخرت میں جنت کی سرفرازی اور دوزخ سے نجات پانے کا۔

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



☆ ہدایت: رُکن یمانی پر پہنچ کر یہ دُعا ختم کر دیجئے اور اس سے آگے بڑھتے ہوئے یہ دعا پڑھئے۔

**رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ٥ وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ مَعَ الْاَبْرَارِ ٥ يَاعَزِيْزُ يَا غَفَّارُ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ٥**

☆ اے ہمارے پروردگار! ہمیں دنیا میں بھی بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھی اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا اور ہمیں نیک لوگوں کے ساتھ جنت میں داخل فرما۔ اے بڑی عزت والے، اے بڑی بخشش والے، اے سب جہانوں کے پالنے والے۔

یہ دُعا پڑھنے کے بعد حجرِ اسود کو اگر ممکن ہو تو بوسہ دیجئے۔ ورنہ دور ہی سے استلام کیجئے اور

**بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ٥**

''اللہ کے نام سے (شروع کرتا ہوں) اللہ سب سے بڑا ہے اور سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں۔

پڑھتے ہوئے آگے بڑھئے اور دوسرے چکر کی دُعا پڑھتے ہوئے دوسرا چکر شروع کر دیجئے۔

☆☆☆☆☆

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## دوسرے چکر کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اِنَّ ھٰذَا الْبَیْتَ بَیْتُکَ وَالْحَرَمَ حَرَمُکَ وَالْاَمْنَ اَمْنُکَ وَالْعَبْدَ عَبْدُکَ وَاَنَا عَبْدُکَ وَابْنُ عَبْدِکَ وَ ھٰذَا مَقَامُ الْعَآئِذِبِکَ مِنَ النَّارِ ؀ فَحَرِّمْ لُحُوْمَنَا وَبَشَرَتَنَا عَلَی النَّارِ ؀ اَللّٰھُمَّ حَبِّبْ اِلَیْنَا الْاِیْمَانَ وَزَیِّنْہُ فِیْ قُلُوْبِنَا، وَکَرِّہْ اِلَیْنَا الْکُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْیَانَ ؀ وَاجْعَلْنَا مِنَ الرَّاشِدِیْنَ ؀ اَللّٰھُمَّ قِنِیْ عَذَابَکَ یَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَکَ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِی الْجَنَّۃَ بِغَیْرِ حِسَابٍ ؀

☆ ترجمہ: ''اے اللہ! بے شک یہ گھر تیرا گھر ہے اور یہ حرم تیرا حرم ہے اور (یہاں کا) امن وامان تیرا ہی دیا ہوا ہے اور ہر بندہ تیرا ہی بندہ ہے اور میں بھی تیرا ہی بندہ ہوں اور تیرے ہی بندے کا بیٹا ہوں اور یہ دوزخ کی آگ سے تیری پناہ پکڑنے والوں کی جگہ ہے سو تو ہمارے گوشت اور کھال کو دوزخ پر حرام کردے۔ اے اللہ! ہمارے لئے ایمان کو محبوب بنادے اور ہمارے دلوں میں اس کو آراستہ کردے اور ہمارے لئے کفر، بدکاری اور نافرمانی کو ناپسند بنادے اور ہمیں ہدایت پانے والوں میں شامل کرلے۔ اے اللہ! جس دن تو اپنے بندوں کو دوبارہ زندہ کرکے اٹھائے مجھے اپنے عذاب سے بچانا اے اللہ! مجھے بغیر حساب کے جنت عطا فرما۔

☆ ہدایت: رکنِ یمانی پر پہنچ کر یہ دُعا ختم کردیجئے اور آگے پڑھتے ہوئے یہ دُعا پڑھئے۔

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ مَعَ الْاَبْرَارِ ○ یَا عَزِیْزُ یَا غَفَّارُ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ○

اے ہمارے پروردگار! ہمیں دُنیا میں بھی بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھی اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا اور ہمیں نیک لوگوں کے ساتھ جنت میں داخل فرما۔ اے بڑی عزت والے، اے بڑی بخشش والے، اے سب جہانوں کے پالنے والے۔

یہ دعا پڑھنے کے بعد حجرِ اسود کو اگر ممکن ہو تو بوسہ دیجئے ورنہ دور ہی سے استلام کیجئے یعنی اپنے دونوں ہاتھوں کو اٹھا کر حجرِ اسود کی طرف اشارہ کر کے چوم لیجئے اور

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَکْبَرُ ط وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ○

اللہ کے نام سے (شروع کرتا ہوں) اللہ سب سے بڑا ہے اور سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں۔

پڑھتے ہوئے آگے بڑھئے اور تیسرے چکر کی دُعا شروع کیجئے۔

☆☆☆☆☆

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## تیسرے چکر کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الشَّکِّ وَالشِّرْکِ وَالشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَسُوْءِ الْاَخْلَاقِ، وَسُوْءِ الْمَنْظَرِ وَالْمُنْقَلَبِ فِی الْمَالِ وَالْاَھْلِ وَالْوَلَدِ o اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ رِضَاکَ وَالْجَنَّۃَ، وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ سَخَطِکَ وَالنَّارِ o اِللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ فِتْنَۃِ الْقَبْرِ، وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ فِتْنَۃِ الْمَحْیَا وَالْمَمَاتِ o

ترجمہ: ''اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں (تیرے احکام میں) شک سے اور (تیری ذات وصفات میں) شرک سے اور اختلاف ونفاق سے اور بُرے اخلاق سے اور بُرے حال اور بُرے انجام سے مال میں اور اہلِ عیال میں۔ اے اللہ! میں تجھ سے تیری رضامندی کی بھیک مانگتا ہوں اور جنت کی اور تیری پناہ چاہتا ہوں تیرے غضب سے اور دوزخ سے۔ اے اللہ! میں پناہ مانگتا ہوں قبر کی آزمائش سے اور تیری پناہ چاہتا ہوں زندگی اور موت کی ہر مصیبت سے''۔

☆ ہدایت: رکنِ یمانی پر پہنچ کر یہ دُعا ختم کر دیجئے اور اس سے آگے بڑھتے ہوئے یہ دُعا پڑھئے:

رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ o وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّۃَ مَعَ الْاَبْرَارِ o یَاعَزِیْزُ یَا غَفَّارُ یَا رَبَّ

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



الْعٰلَمِیْنَ o

''اے ہمارے پروردگار! ہمیں دُنیا میں بھی بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھی اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا اور ہمیں نیک لوگوں کے ساتھ جنت میں داخل فرما۔ اے بڑی عزت والے، اے بڑی بخشش والے، اے جہانوں کے پالنے والے''۔

یہ دُعا پڑھنے کے بعد حجرِ اسود کو اگر ممکن ہو تو بوسہ دیجیے ورنہ دور ہی سے استلام کیجیے اور

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ o

اللہ کے نام سے (شروع کرتا ہوں) اللہ سب سے بڑا ہے اور سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں۔

پڑھتے ہوئے آگے بڑھئے اور چوتھے چکر کی دُعا پڑھتے ہوئے چوتھا چکر شروع کر دیجیے۔

☆☆☆☆☆

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## چوتھے چکر کی دُعا

**اَللّٰھُمَّ اجْعَلْهُ حَجًّا مَّبْرُوْرًا وَّ سَعْيًا مَّشْكُوْرًا وَّ ذَنْبًا مَّغْفُوْرًا وَعَمَلاً صَالِحًا مَّقْبُوْلاً وَّ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ٥ يَا عَالِمَ مَا فِي الصُّدُوْرِ ٥ اَخْرِجْنِيْ يَا اَللّٰهُ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ٥ اَللّٰھُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَ عَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالسَّلاَمَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ ٥ رَبِّ قَنِّعْنِيْ بِمَا رَزَقْتَنِيْ وَبَارِكْ لِيْ فِيْمَا اَعْطَيْتَنِيْ وَاخْلُفْ عَلَى كُلِّ غَآئِبَةٍ لِّيْ مِنْكَ بِخَيْرٍ ٥**

''اے اللہ! بنا دے میرے اس حج (عمرہ) کو حج (عمرہ) مقبول اور کامیاب کوشش اور گناہوں کی مغفرت کا ذریعہ اور مقبول نیک عمل اور بے نقصان تجارت۔ اے دلوں کا حال جاننے والے! اے اللہ! مجھے (گناہ کی) اندھیریوں سے (ایمان وعمل صالح کی) روشنی کی طرف نکال۔ اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری رحمت (کے حاصل ہونے) کے لازمی ذریعوں کا اور ان اسباب کا جو تیری مغفرت کو (میرے لئے) لازمی بنا دیں اور گناہ سے سلامتی کا اور ہر نیکی سے فائدہ اٹھانے کا، اور جنت سے بہرہ ور ہونے کا اور دوزخ سے نجات پانے کا۔ اور اے میرے پروردگار! تو نے جو کچھ مجھے رزق دیا ہے اس پر قناعت بھی عطا کر اور جو نعمتیں مجھے عطا فرمائی ہیں ان میں برکت بھی دے اور میری ہر غائب چیز پر تو میرا قائم مقام بن جائے (اور حفاظت فرما)

☆ ہدایت: رُکنِ یمانی پر پہنچ کر یہ دُعا ختم کر دیجئے اور اس سے آگے بڑھتے

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ہوئے یہ دعا پڑھئے:

رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ o وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ مَعَ الْاَبْرَارِ o یَا عَزِیْزُ یَا غَفَّارُ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ o

اے ہمارے پروردگار! ہمیں دنیا میں بھی بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھی اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا اور ہمیں نیک لوگوں کے ساتھ جنت میں داخل فرما۔ اے بڑی عزت والے، اے بڑی بخشش والے، اے سب جہانوں کے پالنے والے"۔

یہ دُعا پڑھنے کے بعد حجرِ اسود کو اگر ممکن ہو تو بوسہ دیجئے ورنہ دور ہی سے استلام کیجئے اور

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ o

اللہ کے نام سے (شروع کرتا ہوں) اللہ سب سے بڑا ہے اور سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں۔

پڑھتے ہوئے آگے بڑھئے اور پانچویں چکر کی دُعا پڑھتے ہوئے پانچواں چکر شروع کر دیجئے۔

☆☆☆☆☆

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## پانچویں چکر کی دُعا

**اَللّٰھُمَّ اَظِلَّنِیْ تَحْتَ ظِلِّ عَرْشِکَ یَوْمَ لَاظِلَّ اِلَّاظِلَّ عَرْشِکَ، وَلَا بَاقِیَ اِلَّا وَجْھَکَ، وَاسْقِنِیْ مِنْ حَوْضِ نَبِیِّکَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ شَرْبَۃً ھَنِیْئَۃً مَّرِیْئَۃً لَّانَظْمَأُ بَعْدَ ھَا اَبَدًا ۝ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِ مَا سَئَلَکَ مِنْہُ نَبِیُّکَ سَیِّدُنَا مُحَمَّدٌ'' صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّمَا اسْتَعَاذَکَ مِنْہُ نَبِیُّکَ سَیِّدُنَا مُحَمَّدٌ'' صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ۝ اِللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْجَنَّۃَ وَ نَعِیْمَھَا وَمَا یُقَرِّبُنِیْ اِلَیْھَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ فِعْلٍ اَوْ عَمَلٍ ۝ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ النَّارِ وَ مَایُقَرِّبُنِیْ اِلَیْھَا مِنْ قَوْلٍ اَوْفِعْلٍ اَوْ عَمَلٍ ۝**

ترجمہ: اے اللہ! جس روز سوائے تیرے عرش کے سایہ کے کہیں سایہ نہ ہوگا اور تیری ذات پاک کے سوا کوئی باقی نہ رہے گا۔ مجھے اپنے عرش کے سایہ کے نیچے جگہ دینا اور ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ کے حوض (کوثر) سے مجھے ایسا خوشگوار اور خوش ذائقہ گھونٹ پلانا کہ اس کے بعد کبھی ہمیں پیاس نہ لگے۔ اے اللہ! میں تجھ سے ان چیزوں کی بھلائی مانگتا ہوں جن کو ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ نے تجھ سے طلب کیا اور ان چیزوں کی برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں جن سے ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ نے پناہ مانگی۔ اے اللہ! میں تجھ سے جنت اور اس کی نعمتوں کا سوال کرتا ہوں اور ہر اس قول، فعل یا عمل (کی توفیق) کا جو مجھے جنت سے قریب کردے اور میں دوزخ سے تیری پناہ

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



چاہتا ہوں اور ہر اس قول، فعل یا عمل سے جو مجھے دوزخ سے قریب کردے۔

☆ ہدایت: رُکنِ یمانی پر پہنچ کر یہ دُعا ختم کردیجئے اور آگے پڑھتے ہوئے یہ دُعا پڑھیئے:

**رَبَّنَـا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ o وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ مَعَ الْاَبْرَارِ o یَاعَزِیْزُ یَا غَفَّارُ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ o**

اے ہمارے پروردگار! ہمیں دنیا میں بھی بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھی اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا اور ہمیں نیک لوگوں کے ساتھ جنت میں داخل فرما۔ اے بڑی عزت والے، اے بڑی بخشش والے، اے سب جہانوں کے پالنے والے"۔

یہ دعا پڑھنے کے بعد حجرِ اسود کو اگر ممکن ہو تو بوسہ دیجئے ورنہ دور ہی سے استلام کیجئے۔

**بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ o**

"اللہ کے نام سے (شروع کرتا ہوں) اللہ سب سے بڑا ہے اور سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں"۔

پڑھتے ہوئے آگے بڑھئے اور چھٹے چکر کی دُعا پڑھتے ہوئے چھٹا چکر شروع کردیجئے۔

☆☆☆☆☆

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## چھٹے چکر کی دُعا

**اَللّٰھُمَّ اِنَّ لَکَ عَلَیَّ حُقُوْقًا کَثِیْرَۃً فِیْمَا بَیْنِیْ وَبَیْنَکَ، وَحُقُوْقًا کَثِیْرَۃً فِیْمَا بَیْنِیْ وَ بَیْنَ خَلْقِکَ ○ اَللّٰھُمَّ مَا کَانَ لَکَ مِنْھَا فَاغْفِرْہُ لِیْ وَ مَا کَانَ لَخَلْقِکَ فَتَحَمَّلْہُ عَنِّیْ وَاَغْنِنِیْ بِحَلاَلِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَ بِطَاعَتِکَ عَنْ مَّعْصِیَتِکَ، وَ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ یَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَۃِ ○ اَللّٰھُمَّ اِنَّ بَیْتَکَ عَظِیْم" وَّ وَجْھَکَ کَرِیْم" وَاَنْتَ یَآ اَللّٰہُ حَلِیْم" کَرِیْم" عَظِیْم" تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ ○**

ترجمہ: "اے اللہ! مجھ پر تیرے بہت سے حقوق ہیں ان معاملات میں جو میرے اور تیرے درمیان ہیں۔ اے اللہ! ان میں جن کا تعلق تیری ذات سے ہو ان (کی کوتاہی) کی مجھے معافی دے اور جن کا تعلق مخلوق سے (بھی) ہو ان (فرد گذاشت کی معافی) کا تو ذمہ دار بن جا۔ اے اللہ! مجھے رزقِ حلال عطا فرما کہ حرام سے بچا، اور فرمانبرداری کی توفیق عطا فرما کر نافرمانی سے بچا، اور اپنے فضل سے بہرہ مند فرما کر اپنے سوا دوسروں سے، مجھے مستغنی کر دے۔ بے نیاز بنا دے۔ اے وسیع مغفرت والے! اللہ! بے شک تیرا گھر بڑی عظمت والا ہے اور تیری ذات عزت والی ہے اور تو اے اللہ! بڑا باوقار ہے۔ بڑا اکرم والا ہے اور بڑی عظمت والا ہے۔ معافی کو پسند کرتا ہے سو میری خطاؤں کو بھی معاف فرما دے۔

☆ ہدایت: رکنِ یمانی پر پہنچ کر یہ دُعا ختم کر دیجئے اور اس سے آگے بڑھتے ہوئے یہ دُعا پڑھئے:

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رَبَّنَـا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ مَعَ الْاَبْرَارِ ۝ يَاعَزِيْزُ يَا غَفَّارُ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

اے ہمارے پروردگار! ہمیں دنیا میں بھی بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھی اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا اور ہمیں نیک لوگوں کے ساتھ جنت میں داخل فرما۔ اے بڑی عزت والے، اے بڑی بخشش والے، اے سب جہانوں کے پالنے والے"۔

یہ دعا پڑھنے کے بعد حجرِ اسود کو اگر ممکن ہو تو بوسہ دیجئے ورنہ دور ہی سے استلام کیجئے۔

اور بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ۝

اللہ کے نام سے (شروع کرتا ہوں) اللہ سب سے بڑا ہے اور سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں۔

☆ ہدایت: رُکنِ یمانی

اور بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ۝

اللہ کے نام سے (شروع کرتا ہوں) اللہ سب سے بڑا ہے اور سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں۔

پڑھتے ہوئے آگے بڑھئے اور ساتویں چکر کی دُعا پڑھتے ہوئے ساتواں چکر شروع کر دیجئے۔

☆☆☆☆☆

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ اِیْمَاناً کَامِلاً، وَیَقِیْنًا، صَادِقًا وَ رِزْقًا وَّاسِعًا وَّ قَلْبًا خَاشِعًا وَّ لِسَانًا ذَاکِرًا وَّ رِزْقًا وَّاسِعًا حَلاَلاً طَیِّبًا وَ تَوْبَةً نَّصُوْحًا وَّ تَوْبَةً قَبْلَ الْمَوْتِ وَرَاحَةً عِنْدَالْمَوْتِ وَ مَغْفِرَةً وَ رَحْمَةً بَعْدَ الْمَوْتِ وَالْعَفْوَ عِنْدَ الْحِسَابِ وَالْفَوْزِ بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ بِرَحْمَتِکَ یَا عَزِیْزُ یَا غَفَّارُ ٥ رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ٥

''اے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں کاملِ ایمان اور سچا یقین کشادہ رزق اور عاجزی کرنے والا دل اور (تیرا) ذکر کرنے والی زبان اور حلال اور پاک روزی اور سچے دل کی توبہ اور موت سے پہلے کی توبہ اور موت کے وقت کا آرام اور مرنے کے بعد مغفرت اور رحمت اور حساب کے وقت معافی اور جنت کا حصول اور دوزخ سے نجات (یہ سب کچھ میں مانگتا ہوں) تیری رحمت کے وسیلہ سے۔ اے بڑی عزت والے! اے تیری مغفرت والے! اے پروردگار! میرے علم میں اضافہ کر اور مجھے نیک لوگوں میں شامل فرمادے۔

ہدایت: رُکن یمانی پر پہنچ کر یہ دُعا ختم کردیجئے اور اس سے آگے بڑھتے ہوئے یہ دُعا پڑھئے!

رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ٥ وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ مَعَ الْاَبْرَارِ ٥ یَاعَزِیْزُ یَا

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



**غَفَّارُ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ○**

اے میرے پروردگار! ہمیں دنیا میں بھی بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھی اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا اور ہمیں نیک لوگوں کے ساتھ جنت میں داخل فرما۔ اے بڑی [illegible] لے! اے بڑی بخشش والے! اے سب جہانوں کے پالنے والے"۔

حجرِ اسود کو اگر ممکن ہو تو بوسہ دیجئے ورنہ دور ہی سے استلام کیجئے اور بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ○ اللہ کے نام سے (شروع کرتا ہوں) اللہ سب سے بڑا ہے اور سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں۔

## مُلتزم کی دُعا

**اَللّٰهُمَّ یَا رَبَّ الْبَیْتِ الْعَتِیْقِ اَعْتِقْ رِقَابَنَا رِقَّابَ آبَاءِ نَا وَ اُمَّهَاتِنَا وَ اِخْوَانِنَا وَاَوْ لاَ دِنَا مِنَ النَّارِ، یَا ذَا الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ وَالْفَضْلِ وَالْمَنِّ وَالْعَطَاءِ وَالْاِحْسَانَ ○اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الْاُمُوْرَ كُلِّهَا وَ اَجِرْنَا مِنْ خِزْیِ الدُّنْیَا وَ عَذَابِ الْاٰخِرَةَ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَاقِف" تَحْتَ بَابِكَ مُلْتَزِم" بِاَعْتَابِكَ مُتَذَلِّل" بَیْنَ یَدَیْكَ، اَرْجُوْ رَحْمَتَكَ وَاَخْشٰی عَذَابَكَ مِنَ النَّارِ، یَاقَدِیْمَ الْاِحْسَان ○اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اَنْ تَرْفَعَ ذِكْرِیْ وَ تَضَعَ وِزْرِیْ، وَ تُصْلِحَ اَمْرِیْ، وَ تُطَهِّرَ قَلْبِیْ وَ تُنَوِّرَلِیْ فِیْ قَبْرِیْ، وَ تَغْفِرَلِیْ ذَنْبِیْ، وَاَسْئَلُكَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی مِنَ الْجَنَّةِ آمِیْنَ ○**

"اے اللہ! اے اس قدیم گھر کے مالک! ہماری گردنوں کو، ہمارے باپ،

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



دادوں، ماؤں، (بہنوں) بھائیوں اور اولاد کی گردنوں کو دوزخ سے آزاد کر دے۔ اے بخشش والے! کرم والے! فضل والے! احسان والے! عطا والے! اے اللہ! تمام معاملات میں ہمارا انجام بخیر فرما اور ہمیں دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے محفوظ فرما۔ اے اللہ! میں تیرا بندہ ہوں اور بندہ زادہ ہوں۔ تیرے مقدس گھر کے دروازے کے نیچے کھڑا ہوں اور تیرے دروازہ کی چوکھٹ سے لپٹا ہوا ہوں۔ تیرے سامنے عاجزی کا اظہار کر رہا ہوں اور تیری رحمت کا طلب گار ہوں اور تیرے دوزخ کے عذاب سے ڈر رہا ہوں، اے ہمیشہ کے محسن! (اب بھی احسان فرما) اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ میرے ذکر کو بلند عطا فرما اور میرے گناہوں کا بوجھ ہلکا کر اور میرے کاموں کو درست فرما اور میرے دل کو پاک کر اور میرے لئے قبر میں روشنی فرما اور میرے گناہ معاف فرما اور میں تجھ سے جنت کے اونچے درجوں کی بھیک مانگتا ہوں"۔ آمین!

## مقامِ ابراہیم کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ تَعْلَمُ سِرِّیْ وَعَلَانِیَتِیْ فَاقْبَلْ مَعْذِرَتِیْ وَ تَعْلَمُ حَاجَتِیْ، فَاَعْطِنِیْ سُؤْلِیْ، وَ تَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِیْ فَاغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ ٥ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ اِیْمَانًا یُّبَاشِرُ قَلْبِیْ وَ یَقِیْنًا صَادِقًا حَتّٰی اَعْلَمَ اَنَّہٗ لَایُصِیْبُنِیْ اِلَّا مَا کَتَبْتَ لِیْ وَ رِضًا مِّنْکَ بِمَا قَسَمْتَ لِیْ، اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ٥ اَللّٰھُمَّ لَاتَدَعْ لَنَا فِیْ مَقَامِنَا ھٰذَا ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَہٗ وَلَا ھَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَہٗ وَلَا حَاجَۃً اِلَّا قَضَیْتَھَا وَیَسَّرْتَھَا، فَیَسِّرْ اُمُوْرَنَا، وَاشْرَحْ صُدُوْرَنَا، وَنَوِّرْ

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قُلُوبَنَا، وَاخْتِمْ بِالصَّالِحَاتِ اَعْمَالَنَا ٥ اَللّٰهُمَّ تَوَفَّنَا مُسْلِمِينَ وَ اَحْيِنَا مُسْلِمِنَ، وَاَلْحِقْنَا بِالصّٰلِحِيْنَ، غَيْرَ خَزَايَا وَلَا مَفْتُوْنِيْنَ ٥ اٰمِيْنَ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ٥

''اے اللہ! تو میری سب چھپی اور کھلی باتیں جانتا ہے۔ لہذا میری معذرت قبول فرما اور میری حاجت کو جانتا ہے۔ لہذا میری خواہش کو پورا کر اور جو میرے دل میں ہے اسے تو جانتا ہے۔ لہذا میرے گناہوں کو معاف فرما۔ اے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں ایسا ایمان جو میرے دل میں سما جائے اور ایسا سچا یقین کہ میں جان لوں کہ جو کچھ تو نے میری تقدیر میں لکھ دیا ہے وہی مجھے پہنچے گا اور تیری طرف سے اپنی قسمت پر رضا مندی۔ تو ہی میرا مددگار ہے، دنیا اور آخرت میں۔ مجھے اسلام کی حالت میں وفات دے اور نیک لوگوں کے زمرہ میں شامل فرما۔ اے اللہ! اس مقدس مقام (کی حاضری کے موقع) پر کوئی ہمارا گناہ بغیر معاف کیے نہ چھوڑنا اور کوئی پریشانی دور کیے بغیر نہ چھوڑنا۔ سو ہمارے کام آسان کر دے اور ہمارے سینوں کو کھول دے اور ہمارے دلوں کو روشن کر دے اور ہمارے اعمال کا نیکیوں کے ساتھ خاتمہ فرما۔ اے اللہ! ہمیں اسلام کی حالت میں موت دے اسلام کی حالت میں زندہ رکھ اور ہمیں نیک لوگوں میں شامل فرما کہ نہ ہم رسوا ہوں اور نہ آزمائش میں پڑیں'' ......آمین۔

## آبِ زم زم پیتے وقت کی دُعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا وَّ رِزْقًا وَّاسِعاً وَّشِفَاءً مِنْ كُلِّ دَاءٍ ٥

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''اے اللہ! مجھے علم نافع نصیب فرما اور وسعت اور فراخی کے ساتھ روزی عطا فرما اور ہر بیماری سے شفاء دے...... آمین۔

## سعی کی نیت

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اُرِیْدُالسَّعْیَ بَیْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَۃِ سَبْعَۃَ اَشْوَاطٍ لِّوَجْھِکَ الْکَرِیْمِ ٥ فَیَسِّرْہُ لِیْ وَتَقَبَّلْہُ مِنِّیْ ٥

''اے اللہ! میں صفاء اور مروہ کے درمیان سات چکروں سے سعی کرنا چاہتا ہوں محض تیری بزرگ ذات کے لئے۔ پس میرے لئے اسے آسان کر دے اور مجھ سے یہ قبول کر لے''۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَۃَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰہِ فَمَنْ حَجَّ الْبَیْتَ اَوِعْتَمِرَفَلاَ جُنَاحَ عَلَیْہِ اَنْ یَّطَّوَّفَ بِھِمَا وَ مَنْ تَطَوَّعَ خَیْرًا فَاِنَّ اللّٰہَ شَاکِر'' عَلِیْم'' ٥

''اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا رحمٰن اور رحیم ہے۔ تحقیق صفا اور مروہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ہیں۔ پس جو شخص بیت اللہ شریف کا حج یا عمرہ کرے پس اس پر کوئی گناہ نہیں کہ وہ دونوں کا طواف کرے اور جو خوشی سے بھلائی کرے پس بے شک اللہ تعالیٰ قدر دان جاننے والا ہے''۔

(صفا کے گنبد کی نچلی طرف نگاہ اٹھا کر دیکھیں تو یہ عبارت آپ کو لکھی ہوئی نظر آئے گی)۔

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## صفاءاور مروہ پر

لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْر" ۝ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ اَنْجَزَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَ هَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ ۝

"نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ۔ وہ ایک ہے کوئی اس کا شریک نہیں۔ اس کی بادشاہت ہے اور سب تعریف اسی کے لئے ہے وہ حیات بخشتا ہے اور مارتا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ نہیں ہے کوئی معبود مگر اللہ اکیلا ہے اس نے اپنا وعدہ پورا کیا اور اپنے بندے (حضرت محمد ﷺ) کو فتح و نصرت عطا کی اور (غزوہ خندق میں) کافروں کو شکست دی"۔

## صفا اور مروہ کے درمیان

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَكْرَمُ ۝

"اے میرے پروردگار! بخش دے اور رحم فرما! بیشک تو زبردست بڑائی والا ہے"۔

## عرفات کے میدان میں

عرفات کے لئے کوئی خصوصی دعا مقرر نہیں، جو بھی دعائیں آپ کو یاد ہوں پڑھیں۔ قرآن مجید کی تلاوت کریں۔ عربی کی دعائیں یاد نہ ہوں تو اپنی زبان میں اللہ تعالیٰ سے عاجزی کے ساتھ التجا کریں۔ ممالک اسلامیہ کے لئے مسلمانوں کے لئے، اپنے

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اعزہ واقارب کے لئے، دوستوں کے لئے اور اپنے لئے رو رو کر دعائیں کریں۔

# عرفات کی چند دُعائیں

۱۔ تلبیہ کثرت سے:

لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ، لَبَّیْکَ لاَ شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ، اَنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَۃَ لَکَ وَالْمُلْکَ لاَشَرِیْکَ لَکَ ○

۲۔ اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ الَّذِیْ لاَ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَالْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ ○ کم ازکم 100 بار۔

۳۔ درود شریف (جو بھی آپ کو یاد ہو) افضل یہ ہے کہ درود ابراہیمی پڑھیں جو آپ نماز میں پڑھتے ہیں۔

۴۔ اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لاَ شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر" ○ کم ازکم 100 بار

۵۔ سورہ اخلاص (قرآن مجید پارہ ۳۰) 100 بار

۶۔ رَبَّنَـا اٰتِنَـا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ○

(قرآن مجید) کم ازکم ۱۰۰ بار۔

۷۔ حضرت آدم علیہ السلام کی دُعا:۔

رَبَّنَـا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا وَ اِنْ لَّمْ تَغْفِرْلَنَا وَ تَرْحَمْنَا لَنَکُوْنَنَّ مِنَ الْخَاسِرِیْنَ ○

(قرآن مجید۔سورۃ اعراف)

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



۸۔ حضرت یونس علیہ السلام کی دعا:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ (قرآن مجید۔سورۃ الانبیاء)

## مزید دعائیں

اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ ۝

رَضِیْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَبِیًّا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ۝

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ ۝

اَللّٰهُمَّ اَلْهِمْنِیْ رُشْدِیْ وَاَعِذْنِیْ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ ۝

زوال کے بعد ''وقوف عرفات'' کا وقت شروع ہوجاتا ہے۔ظہر اور عصر کی نمازیں مسجد نمرہ میں امام صاحب کے پیچھے باجماعت یکجا ادا کریں۔ورنہ اکٹھی نہ کریں اور اپنے اپنے خیموں میں ظہر اور عصر کی نمازیں اپنے اپنے وقت پر باجماعت یا انفرادی طور پر ادا کریں۔پوری یکسوئی سے گڑ گڑا کر اپنے لئے، تمام مسلمانان عالم کے لئے، اپنے اعزہ واقارب اور اپنے دوستوں کے لئے دعائیں فرمائیں۔اس وقت جو مانگیں گے، انشاء اللہ تعالیٰ ملے گا۔غروب آفتاب کے بعد عرفات سے روانہ ہوں۔ یہاں سے چلنے میں جلدی نہ کریں۔اپنے پانی والے برتن میں کچھ پانی جمع کرلیں تو رات کو مزدلفہ پہنچ کر آپ کو آسانی ہوگی۔مغرب کی نماز عرفات میں نہ پڑھیں خواہ سورج غروب ہوکر اندھیرا ہوجائے۔

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سلام بحضور رحمت للعالمین ﷺ

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ السَّیِّدُ الْکَرِیْمُ وَالرَّسُوْلُ الْعَظِیْمُ الرَّءُ وْفُ الرَّحِیْمُ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہٗ ○ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدَنَا وَ نَبِیَّنَا وَحَبِیْبَنَا وَقُرَّۃَ اَعْیُنِنَا یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ○اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ ○ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ ○اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا جَمَالَ مُلْکِ اللّٰہِ ○ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْک یَا نُوْرَ عَرْشِ اللّٰہِ ○اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْک یَا خَیْرَ خَلْقِ اللّٰہِ ○اَلصَّلٰوۃ وَالسَّلَامُ عَلَیْک یَا شَفِیْعَ الْمُذْنِبِیْنَ عِنْدِاللّٰہِ○ اَلصَّلٰوۃ وَالسَّلَامُ عَلَیْک یَا مَنْ اَرْسَلَہُ اللّٰہُ تَعَالٰی رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ ○ وَقَدْ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْ حَقِّکَ الْعَظِیْمِ ○ وَلَوْ اَنَّھُمْ اِذْ ظَّلَمُوْا اَنْفُسَھُمْ جَاءُ وْکَ فَاسْتَغْفَرُو اللّٰہَ وَاسْتَغْفَرَلَھُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُواللّٰہَ تَوَابًا رَّحِیْمًا ○اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ مُحَمَّدَ بْنِ عَبْدُاللّٰہَ بْنِ عَبْدِالْمُطَّلِبِ بْنِ ھَاشِمِ ○یَاطٰہٰ یَایٰس یَا بَشِیْرُ یَا سِرَاجُ یَا مُنِیْرُ یَا مُقَدَّمَ جَیْشِ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ ○ وَھَااَنَا یَاسَیِّدِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ قَدْ جِئْتُکَ ھَارِبًا مِّنْ ذَنْبِیْ وَ مِنْ عَمَلِیْ وَ مُسْتَشْفِعًا وَّ مُسْتَجِیْرًا بِکَ اِلٰی رَبِّیْ فَاشْفَعْ لِیْ یَا شَفِیْعَ الْاُمَّۃِ یَا سِرَاجَ الظُّلْمَۃِ . اَجِرْنِیْ بِہٖ یَآ اللّٰہُ مِنَ النَّارِ ○یا نَبِیَّ

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



الرَّحْمَةِ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَیْنَاکَ زَآئِرِیْنَ وَ قَصَدْنَاکَ رَاغِبِیْنَ وَ عَلٰی بَابِکَ الْعَالِیْ وَاقِفِیْنَ وَ بِحَقِّکَ عَارِفِیْنَ فَلَا تَرُدَّنَا خَائِبِیْنَ وَلَا عَنْ بَابِ شَفَاعَتِکَ مَحْرُوْمِیْنَ ○ یَاسَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَسْئَلُکَ الشَّفَاعَةَ وَاَسْئَلُ اللّٰهَ تَعَالٰی لَکَ الْوَسِیْلَةَ وَالْفَضِیْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِیْعَةَ وَالْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ وَالْحَوْضَ الْمَوْرُوْدَ وَلشَّفَاعَةَ الْعُظْمٰی فِیَ الْیَوْمِ الْمَشْهُوْدِ ○ اَنْتَ الْحَبِیْبُ یَا حَبِیْبَ اللّٰهِ ○ اَنْتَ الشَّفِیْعُ یَا شَفِیْعَ اللّٰهَ ○ اَنْتَ الْمُشَفَّعُ اَنْتَ الَّذِیْ تُرْجٰی شَفَاعَتُکَ عِنْدَالصِّرَاطِ مَازَلَتِ الْقَدَمُ ○ اَشْهَدُ اَنَّکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ بَلَّغْتَ الرِّسَالَةَ وَاَدَّیْتَ الْاَمَانَةَ وَ نَصَحْتَ الْاُمَّةَ وَ کَشَفْتَ الْغُمَّةَ وَجَلَّیْتَ الظُّلْمَةَ وَجَاهَدْتَّ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ وَعَبَدْتَّ رَبَّکَ حَتّٰی اَتَاکَ الْیَقِیْنُ ○ جَزَاکَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنَّا وَعَنْ وَالِدَیْنَا وَ عَنِ الْاِسْلَامِ خَیْرَالْجَزُآءِ ○ وَ نَسْئَلُکَ الشَّفَاعَةَ اَنْ تَشْفَعَ لَنَا عِنْدَاللّٰهِ یَوْمَ الْعَرْضِ یَوْمَ الْفَزَعِ الْاَکْبَرِ یَوْمَ لَایَنْفَعُ مَالٌ" وَّلَابَنُوْنَ ○ اِلَّا مَنْ اَتَی اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ ○ اِشْفَعْ لَنَا وَلِوَالِدَیْنَا وَلِجِیْرَانِنَا وَ لِمَشَآئِخِنَا وَلِاَسَاتِذَتِنَا وَلِمَنْ اَوْصَانَا وَقَلَّدَنَا عِنْدَکَ بِدُعَآءِ الْخَیْرِ عِنْدَالزِّیَارَةِ ○ اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سُلْطَانَ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهٗ ○

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



ترجمہ: ''سلام ہو آپ پر اے نبی سردارﷺ، سخی اور رسول بہت بڑے، شفیق مہربان، اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں آپﷺ پر نازل ہوں، درود وسلام ہو آپ ﷺ پر، اے ہمارے آقا اور نبیﷺ محبوب اور ٹھنڈک آنکھوں کی۔ یارسول اللہ! درود وسلام ہو آپﷺ پر۔ اے اللہ کے نبیﷺ درود سلام ہو آپﷺ پر، اے اللہ کے محبوبﷺ درود سلام ہو آپﷺ پر، اے زینتﷺ اللہ کے ملک کی، درود وسلام ہو آپﷺ پر، اے نورﷺ اللہ کے عرش کے۔ درود وسلام ہو آپﷺ پر، اے سب سے بہترﷺ اللہ کی مخلوق میں۔ درود وسلام ہو آپﷺ پر، اے شفاعت کرنے والےﷺ گنہگاروں کے لئے اللہ کے یہاں، درود وسلام ہو آپﷺ پر، اے وہ مقدس ہستیﷺ کہ بھیجا آپﷺ کو اللہ تعالیٰ نے رحمت بنا کر کل عالم کے لئے اور تحقیق فرمایا اللہ تعالیٰ نے آپﷺ کے بلند مرتبہ کے بارے ہیں۔

اور اگر وہ (گنہگار) جب ظلم کریں اپنی جانوں پر، پھر آپﷺ کے پاس آئیں اور وہ اللہ سے معافی چاہیں اور پیغمبران کے لئے معافی چاہے تو وہ اللہ کو ابڑا توبہ قبول کرنے والا اور بڑا رحم والا پائیں گے۔

درود وسلام ہو آپﷺ پر اے میرے آقا محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم۔ اے طٰہٰ، اے یٰسین۔ اے خوشخبری دینے والے، اے چراغ ہدایت، اے منور کرنے والے، اے گروہ انبیاء ومرسلین کے سالار اور دیکھئے۔ اے میرے آقا، اللہ کے رسولﷺ میں حاضر ہوا ہوں آپ کے پاس، اپنے گناہوں اور بُرے اعمال سے بھاگ کر، اور شفاعت کی امید لے کر اور آپﷺ کی پناہ میں آجانے کے لئے، اپنے رب کے سامنے، پس شفاعت فرمائیے میری، اے اُمّت کے شفیع، اے دور فرمانے

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



والے ظلمت کے، اے چراغ اندھیرے کے، اے اللہ! آپ ﷺ کی طفیل مجھے آگ سے نجات دے۔ اے نبی رحمت ﷺ، اے اللہ کے رسول ﷺ، ہم حاضر ہوئے ہیں آپ ﷺ کے پاس زیارت کی غرض سے اور ہم نے آپ ﷺ کا قصد کیا ہے شوق سے، اور آپ ﷺ کی بارگاہ عالی میں کھڑے ہیں اور آپ ﷺ کے حق کو پہچانتے ہیں۔ پس ہمیں نامراد نہ لوٹایئے اور اپنے شفاعت کے دروازے سے محروم نہ رکھئے، اے میرے سردار، یارسول اللہ میں آپ ﷺ سے شفاعت کا خواستگار ہوں اور مانگتا ہوں اللہ تعالیٰ سے آپ ﷺ کے لئے وسیلہ اور بزرگی اور بلند درجہ اور مقامِ محمود اور حوض کوثر، جو جنتیوں کے اترنے کی جگہ ہے اور بڑی شفاعت روز قیامت میں، آپ ﷺ ہی محبوب ہیں۔ اے اللہ تعالیٰ کے محبوب ﷺ، آپ ﷺ ہی شفیع ہیں، اے شفیع اللہ (یعنی اللہ کے حضور گناہگاروں کی شفاعت کرنے والے) آپ ﷺ مختار ہیں۔ آپ وہ ذات مبارک ہیں کہ ہمیں آپ ﷺ سے شفاعت کی اس وقت بھی امید ہے کہ جب پُل صراط پر ہمارے قدم ڈگمگا جائیں گے۔ اے اللہ کے پیغمبر ﷺ میں گواہ ہوں کہ بے شک آپ نے پیغام حق پہنچا دیا اور حق امانت ادا کر دیا اور امت کو نصیحت فرمائی، اور ظلمت کو دور کر دیا اور اندھیرے کو روشنی سے بدل دیا اور اللہ کی راہ میں کوشش کی، اور کوشش کا حق ادا کر دیا، اور اپنے رب کی عبادت کی۔ یہاں تک کہ آپ ﷺ واصل بحق ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کو جزا دے ہماری طرف سے اور ہمارے والدین اور اہلِ اسلام کی طرف سے، بہتر جزا اور آپ ﷺ کی خدمت اقدس میں، درخواست کرتے ہیں کہ اللہ کریم کے پاس اس روز قیامت ہماری شفاعت فرمائیں جو نہایت گھبراہٹ والا دن ہے اور جس دن مال واولاد ہرگز کام نہ آئیں گے۔ بجز اس کے جو

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



قلب سلیم لے کر حاضر ہوا اللہ کے پاس، شفاعت فرمایئے ہماری اور ہمارے والدین، ہمارے پڑوسیوں، ہمارے مشائخ، ہمارے اساتذہ کی، اور جس نے ہم کو وصیت کی اور ہم پر لازم کیا آپ ﷺ کے یہاں یہ بہتر دعا پڑھنا، زیارت کے وقت، درود وسلام ہو آپ ﷺ پر اے رسولوں ونبیوں کے بادشاہ اللہ تعالیٰ کی رحمت اور اس کی برکتیں نازل ہوں''۔

## سلام بجناب ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا سَيِّدَنَا اَبَابَكْرِ نِ الصِّدِّيْقِ ○ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَلِيْفَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ عَلَى التَّحْقِيْقِ ○ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا صَاحِبَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ثَانِيَ اثْنَيْنِ اِذْهُمَا فِي الْغَارِ ○ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَنْ اَنْفَقَ مَالَه' كُلَّه' فِي حُبِّ اللّٰهِ وَحُبِّ رَسُوْلِهٖ حَتّٰى تَخَلَّلَ بِالْعَبَآءِ ○ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْكَ وَاَرْضَاكَ اَحْسَنَ الرِّضَآ وَجَعَلَ الْجَنَّةَ مَنْزِلَكَ وَ مَسْكَنَكَ وَ مَحَلَّكَ وَ مَاْوٰكَ ○ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَوَّلَ الْخُلَفَآءِ وَ تَاجَ الْعُلَمَاءِ وَ صِهْرَ النَّبِيِّ الْمُصْطَفٰى وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُه' ○

''سلام ہو آپ رضی اللہ عنہ پر، اے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہمارے سردار سلام ہو آپ رضی اللہ عنہ پر، اے رسول اللہ ﷺ کے حقیقی خلیفہ۔ سلام ہو آپ رضہ اللہ عنہ پر، اے رسول اللہ ﷺ کے ساتھی (جب کہ آپ دونوں غار میں تھے)، سلام ہو آپ ﷺ پر، اے وہ ہستی کہ جس نے اپنا سارا مال اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی محبت

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں خرچ کردیا۔ یہاں تک کہ اپنی عبا کو بھی اتار دیا۔ اللہ تعالیٰ آپ سے راضی ہو اور آپ رضی اللہ عنہ کو راضی کرے بہتر راضی کرنا اور جنت کو آپ رضی اللہ عنہ کا گھر بنا دے اور مسکن اور رہنے کی جگہ اور ٹھکانا، سلام ہو آپ رضی اللہ عنہ پر اے سب سے پہلے خلیفہ اور سرتاج علما اور خسر نبی مصطفیٰ ﷺ کے اور آپ پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہو اور اس کی برکتیں''۔

## سلام بجناب عمر فاروق رضی اللہ عنہ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَاطِقًا، بِالْعَدْلِ وَالصَّوَابِ ٥ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حَنَفِيَّ الْمِحْرَابِ ٥ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُظْهِرَ دِيْنِ الْاِسْلَامِ ٥ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُكَسِّرَ الْاَصْنَامِ ٥ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا الْفُقَرَآءِ وَالضُّعَفَآءِ وَلِلْاَرَامِلِ وَالْاَيْتَامِ ٥ اَنْتَ الَّذِیْ قَالَ فِیْ حَقِّكَ سَيِّدُ الْبَشَرِ لَوْ كَانَ بَعْدِیْ نَبِیٌّ' لَكَانَ عُمَرَبْنَ الْخَطَّابِ ٥ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْكَ وَاَرْضَاكَ اَحْسَنَ الرِّضَا وَ جَعَلَ الْجَنَّةَ مَنْزِلَكَ وَ مَسْكَنَكَ وَمَحَلَّكَ وَ مَاوٰكَ ٥ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ثَانِی الْخُلَفَآءِ وَتَاجَ الْعُلَمَآءِ وَصِهْرَالنَّبِیِّ الْمُصْطَفٰی وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُه' ٥

''سلام ہو آپ رضی اللہ عنہ پر اے عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ، سلام ہو آپ رضی اللہ عنہ پر اے انصاف فرمانے والے راستی کے (یعنی نیک کام کے)، سلام ہو آپ

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



رضی اللہ عنہ پر اے محراب کو زینت دینے والے، سلام ہو آپ رضی اللہ عنہ پر اے غلبہ دینے والے دین اسلام کے، سلام ہو آپ رضی اللہ عنہ پر اے بتوں کو توڑنے والے، سلام ہو آپ رضی اللہ عنہ پر اے فقیروں، ضعیفوں، بیواؤں اور یتیموں کے مددگار، آپ رضی اللہ عنہ وہ ہیں کہ آپ رضی اللہ عنہ کے حق میں انسانوں کے سردار ﷺ نے فرمایا کہ اگر کوئی نبی میرے بعد ہوتا تو البتہ عمر بن خطاب ہوتے۔ راضی ہو اللہ تعالیٰ آپ رضی اللہ عنہ سے اور آپ رضی اللہ عنہ کو راضی فرمائے۔ بہتر راضی فرمانا اور جنت کو آپ رضی اللہ عنہ کا گھر، جائے سکونت، رہنے کی جگہ اور ٹھکانا بنا دے۔ سلام ہو آپ رضی اللہ عنہ پر اے دوسرے خلیفہ رسول اور علماء کے سرتاج اور خسر نبی مصطفیٰ اور آپ پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہو اور اس کی برکتیں''۔

## سلام بجناب ملائکہ مقربین

اس کے بعد قبلہ رُو ہو کر ہی ملائکہ مقربین پر سلام پڑھیے:

**اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدَنَا جِبْرَائِیْلَ ٥ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدَنَا مِیْکَائِیْلَ ٥ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدَنَا اِسْرَافِیْلَ ٥ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدَنَا عِزْرَآئِیْلَ ٥ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَلَائِکَةَ اللّٰهِ الْمُقَرَّبِیْنَ مِنْ اَهْلِ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِیْنَ کَافَّةً عَامَّةً ٥ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَکَاتُه ٥**

''سلام ہو آپ پر اے ہمارے آقا جبرئیل علیہ السلام، سلام ہو آپ پر اے ہمارے سردار میکائیل علیہ السلام، سلام ہو آپ پر اے ہمارے سردار اسرافیل علیہ السلام ہو آپ پر اے ہمارے سردار عزرائیل علیہ السلام، اے زمین و آسمان کے مقرب فرشتو تم سب پر سلام ہو اور اللہ کی رحمتیں اور اس کی برکتیں نازل ہوں''۔

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# سلام بخدمت سید الشہداء حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا سَيِّدَنَا حَمْزَةَ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عَمَّ رَسُوْلِ اللّٰهِ ٥ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عَمَّ نَبِيِّ اللّٰهِ ٥ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عَمَّ حَبِيْبِ اللّٰهِ ٥ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عَمَّ الْمُصْطَفٰى ٥ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا سَيِّدَ الشُّهَدَآءِ وَ يَا اَسَدَ اللّٰهِ اَسَدَ رَسُوْلِهٖ ٥ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شُهَدَآءُ يَا سُعَدَآءُ ٥ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ٥ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا سَيِّدَ الشُّهَدَآءَ اُحُدٍ كَافَّةً عَامَّةً وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ ٥

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# سلام بخدمت سیدۃ النساء اہل الجنتہ

## فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا

السلام اے سیدہ زہرا بتول
السلام اے فاطمہ بنتِ رسول
السلام اے بانوئے شیرِ خدا
السلام اے سیدہ خیر النساء
السلام اے نور چشم و نور عین
السلام اے مادر حسن و حسین

(سید محمد عبدالعزیز شوقؒ)

# سلام بخدمت ازواج مصطفیٰ ﷺ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُنَّ يَا اَزْوَاجَ نَبِيِّ اللّٰهِ ٥ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُنَّ يَا اَزْوَاجَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ٥ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُنَّ يَا اَزْوَاجَ حَبِيْبِ اللّٰهِ ٥ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُنَّ يَا اَزْوَاجَ الْمُصْطَفٰى رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْكُنَّ وَاَرْضَاكُنَّ اَحْسَنَ الرِّضَا وَجَعَلَ الْجَنَّةَ مَنْزِلَكُنَّ وَ مَسْكَنَكُنَّ وَ مَحَلَّكُنَّ وَمَآوٰكُنَّ ٥ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُنَّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ ٥

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سلام بخدمت بناتِ مصطفیٰ ﷺ

اَلسَّلاَمُ عَلَیْکُنَّ یَابَنَاتِ رَسُوْلِ اللّٰہِ ۝ اَلسَّلاَمُ عَلَیْکُنَّ یَابَنَاتِ حَبِیْبِ اللّٰہِ ۝ اَلسَّلاَمُ عَلَیْکُنَّ یَابَنَاتِ الْمُصْطَفٰی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْکُنَّ وَ اَرْضَاکُنَّ اَحْسَنَ الرِّضَا وَجَعَلَ الْجَنَّۃَ مَنْزِلَکُنَّ وَمَسْکَنَکُنَّ وَ مَحَدَّکُنَّ وَمَاْوٰکُنَّ ۝ اَلسَّلاَمُ عَلَیْکُنَّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہٗ ۝

## سلام بجناب حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

اَلسَّلاَمُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدَنَا عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ ۝ اَلسَّلاَمُ عَلَیْکَ یَا مَنِ اسْتَحْیَتْ مِنْکَ مَلاَئِکَۃُ الرَّحْمٰنِ ۝ اَلسَّلاَمُ عَلَیْکَ یَا مَنْ زَیَّنَ الْقُرْاٰنَ بِتِلاَوَتِہٖ وَ نَوَّرَ الْمِحْرَابَ بِاِمَامَتِہٖ وَ سِرَاجَ اللّٰہِ تَعَالٰی فِی الْجَنَّۃِ ۝ اَلسَّلاَمُ عَلَیْکَ یَا ثَالِثَ الْخُلَفَآءِ الرَّاشِدِیْنَ رَضِیَ اللّٰہ تَعَالٰی عَنْکَ وَ اَرْضَاکَ اَحْسَنَ الرِّضَا وَجَعَلَ الْجَنَّۃَ مَنْزِلَکَ وَ مَسْکَنَکَ وَ مَحَلَّکَ وَ مَاوَاکَ ۝ اَلسَّلاَمُ عَلَیْکَ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہٗ ۝

☆☆☆☆☆

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ایصال ثواب

ابو ہریرہؓ سے ایک روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

جب آدمی مر جاتا ہے تو اس کا عمل اس سے منقطع ہو جاتا ہے۔ مگر تین چیزوں کا فائدہ ملتا رہتا ہے۔

۱...... صدقہ جاریہ

۲...... علم جس سے نفع حاصل کیا جاتا ہے۔

۳...... نیک اولاد جو اس کے لیے دُعا کرتی ہے۔

ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

اللہ عزوجل جنت میں ایک آدمی کا درجہ بلند فرماتا ہے۔ تو وہ آدمی عرض کرتا ہے یا اللہ یہ درجہ مجھے کیسے حاصل ہوا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ تیرے بیٹے نے تیرے لیے استغفار کیا۔

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# الفتح ٹریولز

## ڈاکٹر آفتاب اقبال

B-2، ایکس بلاک، خیابان اقبال روڈ،
ڈیفنس ہاؤسنگ سوسائٹی لاہور۔
موبائل: 0300-8439333

## شیخ منور حسین

19/A-1- جوڈیشل کالونی (لالہ زار)
رائے ونڈ روڈ، نزد ٹھوکر نیاز بیگ لاہور۔
موبائل: 0300-9428790-0322-8042176

جن حضرات کو اس کتاب کی ضرورت ہو وہ بلا قیمت
اوپر دیئے گئے پتہ سے حاصل کریں۔

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ